نیا
سٹارم واٹر (طوفانی پانی) چارج

برامپٹن کا سٹارم واٹر چارج 1 جون 2020 سے مؤثر ہو گا اور زیادہ تر جائیدادوں کے مالکان کو اپنے پہلے سٹارم واٹر چارجز اگست 2020 کے اپنے پانی کے بلوں پر نظر آئیں گے۔

طوفانی پانی کیا ہے؟

طوفانی پانی، جسے بھاگ جانے والا پانی بھی کہتے ہیں، ہماری املاک سے بہہ کر سڑکوں پر اور وہاں سے طوفانی پانی کو منتظم کرنے کے ایک نظام میں جانے والی بارش اور پگھلی ہوئی برف ہوتی ہے، جس میں 1400 کلومیٹر طوفانی پانی کی نکاسی کے پائپ اور طوفانی پانی کے 180 تالاب شامل ہیں۔

مجھے یہ چارج ادا کرنے کی ضرورت کیوں ہے؟

برامپٹن $1 بلین سے زائد مالیت کا طوفانی پانی کا انفراسٹرکچر رکھتا ہے، جو آپ کی املاک اور ہمارے ماحول کی حفاظت کرتا ہے۔ اسے برقرار رکھنے کے لیے $23 ملین سالانہ لاگت آتی ہے۔ سٹارم واٹر چارج اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہم طوفانی پانی کو منتظم کرنے کی خدمات کے لیے ایک مخصوص اور قابل استحکام فنڈنگ فراہم کر سکیں، جو عوامی حفاظت کو بڑھاتی ہیں، سیلابوں اور زمین کی کٹائی کو کم کرتی ہیں اور املاک اور ماحول کا تحفظ کرتی ہیں۔

مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہو گی؟

زیادہ تر جائیدادوں کے مالکان سے پانی کے بل میں چار اقساط کی صورت میں سالانہ سٹارم واٹر چارج وصول کیا جائے گا۔ یہ چارج آپ کی املاک سے بہہ کر آنے والے طوفانی پانی کی مقدار پر منحصر ہو گا۔ آپ کی املاک پر جتنی زیادہ پکی جگہ موجود ہو گی، آپ کی املاک سے اتنا ہی زیادہ طوفانی پانی بہہ کر آئے گا۔

ایک خاندان والی رہائشی املاک

جائیداد کے زمرے کی بنیاد پر ایک ہموار ریٹ۔

رہائشی املاک کا زمرہ	چھت کے رقبے کا سائز (مربع میٹر)	ہموار ریٹ (سالانہ)
زیادہ چھوٹا	23.4 - 105	$ 44.50
چھوٹا	106 - 140	$ 62.30
درمیانہ	141 - 220	$ 89.00
بڑا	221 - 250	$ 115.70
بہت بڑا	250 سے زیادہ	$ 160.20

غیر رہائشی اور کئی خاندانوں والی رہائشی املاک

وصول کردہ رقم ہر جائیداد پر پکی جگہ کے ہر مربع میٹر کی بنیاد پر ہو گی

کئی خاندنوں والی رہائشی/ غیر رہائشی املاک کا زمرہ	یونٹ ریٹ (سالانہ)
فی مربع میٹر	$0.38

سٹارم واٹر چارج کے تخمینے کا ایک آن لائن ٹول آپ کی جائیداد کی تلاش کرنے اور اپنے سٹارم واٹر چارج کا حساب کیے جانے کے طریقے کا جائزہ لینے کے قابل بنائے گا۔

اگر مجھ سے غلط چارج وصول کیا گیا ہو، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ سے غلط چارج وصول کیا گیا ہے یا کوئی غلطی ہو گئی ہو ، تو آپ درستگی کے لیے درخواست جمع کروا سکیں گے۔

کیا کوئی رعایتیں دستیاب ہیں؟

مخصوص املاک رعایت یا فیس میں کمی کے لیے اہل ہو سکتی ہیں۔

میرے بل پر کیا نظر آئے گا؟

ریجن آف پیل کے پانی کے بل پر درج ذیل چیزیں نظر آئیں گی:

- برامپٹن سٹارم واٹر چارج
- وصول کیا جانے والا روزانہ کا ریٹ
- بل کی وصولی والے دنوں کی کل تعداد
- سٹارم واٹر چارج پر اطلاق شدہ کوئی تخفیف، اور
- سٹارم واٹر چارج کی کل واجب الادا رقم۔

سٹارم واٹر چارج کے متعلق مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ فرمائیں:

www.brampton.ca/stormwater

311
30270-I-0079
BRAMPTON
20-0556